29-08-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔تلنگانہ قانون ساز اسمبلی و کونسل کا اجلاس کل سے شروع ہوگا۔

۲۔بی آر ایس کے ارکانِ مقنّنہ نے اسپیکر گڈم پرساد پر زور دیا کہ کل سے شروع ہونے والے اسمبلی سیشن کے دوران انہیں کالیشورم لفٹ اریگیشن اسکیم پر تفصیلی پریزنٹیشن دینے کی اجازت دی جائے۔

۲۔محکمہ پنچایت راج اور دیہی ترقی نے ریاست میں بارش کی وجہ سے سڑکوں اور پلوں کو ہوئے نقصانات کی مرمت کے کاموں کے لئے 374 کروڑ روپے کے اخراجات کا تخمینہ لگایا ہے۔

۴۔وزیر اعظم نریندر مودی اتوار کو آکاش وانی کے پروگرام من کی بات کے ذریعہ ملک اور بیرونی ممالک کے عوام سے اپنے خیالات کا تبادلہ کریں گے۔

ASSEMBLY

تلنگانہ قانون ساز اسمبلی و کونسل کا اجلاس کل سے شروع ہو رہا ہے۔اسپیکر گڈم پرساد کمار،کونسل چیرمین جی سکھیندر ریڈی نے آج اعلیٰ سرکاری حکام، پولیس عہدیداروں کے ہمراہ انتظامات،سہولیات اور سیکورٹی بندوبست کے ضمن میں ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد کیا۔اسپیکر گڈم پرساد کمار نے سیشن کی کارروائی کو خوشگوار طریقہ سے منعقد کرنے کیلئے مناسب انتظامات پر زور دیا۔انہوں نے ارکان کی جانب سے طلب کی گئی جانکاری فوری طور پر فراہم کرنے کی مختلف محکمہ جات کو ہدایت دی اور کہا کہ بحث کے دوران متعلقہ عہدیداران موجود رہیں۔انہوں نے محکمہ پولیس کو تمام سیکورٹی انتظامات خاص کر ونائکا چترو تی اور وسرجن جلوس کے تناظر میں درکار ضروری اقدامات کرنے کی ہدایت دی۔کونسل چیرمین جی سکھیندر ریڈی نے تمام محکمہ جات پر زور دیا کہ وہ آپسی تعاون کے ساتھ کام کریں اور زیر التوا سوالات کے جواب بلا تاخیر فراہمی کو یقینی بنائے اور اس ضمن میں نوڈل آفیسر کی تقرری کرے۔ چیف سکریٹری

راما کرشنا راؤ نے دونوں ایوانوں کی کارروائی احسن طریقہ سے کرنے کے لئے تمام اقدامات کا یقین دلایا۔ اِس اجلاس میں اسپیشل چیف سکریٹری روی گپتا، ڈی جی پی ڈاکٹر جتندر، اے ڈی جی مہیش بھاگوت، حیدرآباد ایڈیشنل سی پی وکرم سنگھ مان، سائبرآباد اور رچہ کنڈہ کے پولیس کمشنراوینا ش موہنتی اور دیگر موجود تھے۔

MET

آل انڈیا مجلس اتحادالمسلمین کے صدر اسدالدین اویسی اور مرکزی میلاد کمیٹی کے دیگر رہنماؤں نے آج وزیراعلیٰ ریونت ریڈی سے ملاقات کی۔انہوں نے جشن عید میلادالنبیؐ کے موقع پر قدیم مساجد کو مفت برقی سربراہی کو یقینی بنانے پر زور دیا۔وفد نے وزیراعلیٰ سے کہا کہ 5 ستمبر کو میلادالنبیؐ کے موقع پر مساجد اور درگاہوں کو سجایا جائے۔ وفد نے 14 ستمبر کو میلاد جلوس نکالنے کے لئے وزیراعلیٰ سے اجازت بھی طلب کی۔اس وفد میں ایم آئی ایم لیڈر اکبرالدین اویسی بھی موجود تھے۔

BRS

بی آر ایس کے ارکانِ مقنّنہ نے اسپیکر گڈم پرساد پر زور دیا کہ کل سے شروع ہونے والے اسمبلی سیشن کے دوران انہیں کالیشورم لفٹ اریگیشن اسکیم پر تفصیلی پریزنٹیشن دینے کی اجازت دی جائے۔ بی آر ایس وہپ کے پی وویکانندا، رکن اسمبلی ڈی سدھیر ریڈی اور دیگر ارکان پر مشتمل وفد نے اسپیکر سے ملاقات کی اوراس ضمن میں ایک درخواست انہیں پیش کی۔ بی آر ایس نے کہا کہ اہم اپوزیشن جماعت ہونے کے ناطے اس کی ذمہ داری ہے کہ وہ تلنگانہ کے مفادات سے جڑے اہم موضوعات پر حقائق عوام کے سامنے پیش کرے۔

WEATHER:

تلنگانہ کے تمام اضلاع کے مختلف مقامات پر آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش ہوسکتی ہے۔ ریاست کے اضلاع عادل آباد، کمرم بھیم آصف آباد اور نرمل کے بعض علاقوں میں بھاری بارش کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات نے آج اور کل کیلئے ایلو الرٹ جاری کیا ہے۔ تلنگانہ کے کئی اضلاع میں تیز ہوائیں چل سکتی ہیں اور گرج چمک کے ساتھ بارش ہوسکتی ہے۔ آئندہ 48 گھنٹوں میں کھمم ،نلگنڈہ اور سوریہ پیٹ میں تیز ہوائیں چلنے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔

DMAGE:

محکمہ پنچایت راج اور دیہی ترقی نے ریاست میں بارش کی وجہ سے سڑکوں اور پلوں کو ہوئے نقصانات کی مرمت کے کاموں کے لئے 374 کروڑ روپے کے اخراجات کا تخمینہ لگایا ہے۔ایک ٹیلی کانفرنس کے دوران عہدیداروں نے ریاستی وزیر پنچایت راج ڈی انا سویا کو بتایا کہ ریاست بھر میں 1291 سڑکیں، پل اور دیگر ڈھانچوں کو نقصان پہنچا ہے۔انہوں نے بتایا کہ وقتی طور پر مرمتی کاموں کے لئے 22.71 کروڑ روپے لگے گیں جبکہ مستقل تعمیر و مرمت پر 352 کروڑ روپے کی لاگت آئے گی۔بارشوں کی وجہ سے 22 گاؤں کے سڑک رابطہ مکمل طور پر تباہ ہوگئے ہیں۔ریاستی وزیر نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ دیہاتوں میں سڑک رابطہ کی بحالی کیلئے جنگی خطوط پر کام کرے۔ انہوں نے کہا کہ غیر محفوظ عمارتوں میں رہنے والے افراد کو جلد سے جلد محفوظ مقامات پر منتقل کیا جائے۔محکمہ عمارات وشوارع نے سڑکوں کی دوبارہ تعمیر کیلئے وقتی طور پر 53.76 کروڑ روپے اور مستقل طور پر 1157.46 کروڑ روپے کا تخمینہ لگایا ہے۔ عہدیداروں کے مطابق بارش سے ریاست بھر میں سڑک رابطے شدید متاثر ہوئے ہیں۔ انجینئروں کے مطابق 37 ڈویژنوں میں 794 ایسے مقامات ہیں جہاں تقریباً 1039 کلومیٹر تک سڑکوں کو نقصان پہنچا ہے۔ریاستی وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی نے سینئر عہدیداروں اور ڈویژنل انجینئرس

کے ہمراہ آج ایک ٹیلی کانفرنس کی۔اس دوران بتایا گیا کہ میدک ،سنگاریڈی،کاماریڈی،راجنا سرسلہ اور نرمل میں بڑے پیمانے پر تباہی ہوئی ہے۔نرمل اور کاماریڈی کے قریب قومی شاہراہ 44 پر پانی کے تیز بہاؤ کی وجہ سے ٹرافک متاثر ہوئی ہے۔ریاستی وزیر نے ٹرافک کی بحالی کیلئے ہنگامی طور پر اقدامات کرنے کی حکام کو ہدایت دی۔

CYBERABAD:

سائبرآباد جوائنٹ کمشنر آف ٹرافک پولیس ڈاکٹر جی بھوپل نے آج اسکول ٹرانسپورٹیشن کو درپیش مسائل کے ضمن میں اسکولوں کے پرنسپلس اور مینجمنٹ کے نمائندوں کے ساتھ ایک اجلاس منعقد کیا۔اس دوران اسکولس کے قریب مصروف ترین اوقات کے موقع پر ٹرافک مسائل اور اس کے حل پر گفتگو کی گئی۔ عہدیداروں نے اسکول انتظامیہ سے کہا کہ وہ طلبہ کو خانگی کاروں کے استعمال کے بجائے اسکول بسوں کے استعمال پر زور دیں۔

ACB

تلنگانہ اینٹی کرپشن کے بیورو کے عہدیداروں نے آج نارائن پیٹ ٹاؤن میں تلنگانہ سوشیل ویلفیئر ریسیڈنشیل اسکول اور جونیر کالج ،سنگارینی کراس روڈ اور یادادری بھوانگری کے رمنا پیٹ میں گورنمنٹ شیڈول کاسٹ ڈیولپمنٹ ڈپارٹمنٹ گرلز ہاسٹل کا اچانک معائنہ کیا۔اے سی بی ٹیم کے ہمراہ لیگل میٹرولوجی کے انسپکٹر سینٹری انسپکٹر،فوڈ انسپکٹر اور آڈیٹر موجود تھے تاکہ ہاسٹل میں طلبہ کو فراہم کی جارہی سہولیات اور خوراک اور صاف صفائی کے انتظامات کا جائزہ لیا جاسکے۔ اس دوران حکام نے بعض بے ضابطگیاں بھی پائی ہیں۔

KV

سکندرآباد کے پی ایم کیندراودیالیہ میں 36 ویں ریجنل لیول یوتھ پارلیمنٹ مقابلوں کا انعقاد کیا گیا۔ حیدرآباد ریجن کے 8 کیندرودیالیوں کے طلبہ نے ان مقابلوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔تقریباً480 طلبہ نے اپنی تقریری صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔سابق آئی اے ایس آفیسر اور سابق ایم ایل اے ڈاکٹر جئے پرکاش نارائن نے اس ایونٹ کا افتتاح کیا۔اس موقع پر جئے پرکاش نارائن نے نوجوانوں کی صلاحیتوں کو صحیح رخ دینے پر زور دیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر کے وی ایس ریجنل آفیس پی انورادھا، پرنسپل چندرشیکھر اور پرنسپل پی ایم شری کے وی بولارم وینا بھی موجود تھے۔

IMMERSIONS"

آئندہ مہینہ کی پانچ تاریخ کو گنیش وسرجن کے تناظر میں حیدرآباد سٹی پولیس نے جامع سیکورٹی و لاجیسٹیکل انتظامات کا اعلان کیا۔حسین ساگر، میر عالم تالاب، راجنا باوی اوراین ٹی آر اسٹیڈیم سمیت اہم وسرجن مراکز پر 9 کرنس دستیاب رکھی گئی ہیں اور آخری دن تک ان کرینوں کی تعداد کو چالیس تک بڑھانے کا منصوبہ ہے۔خیریت آباد گنیش کے جلوس میں بڑے پیمانے پر عقیدتمندوں کی شرکت متوقع ہے۔ حکام کی جانب سے کسی بھی ناگہانی واقعہ کو روکنے کے لئے درکار ضروری انتظامات کئے جارہے ہیں۔

PM - MANN KI BAAT:

وزیراعظم نریندر مودی اتوار کو آکاش وانی کے پروگرام من کی بات کے ذریعہ ملک اور بیرونی ممالک کے عوام سے اپنے خیالات کا تبادلہ کریں گے۔ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا یہ 125 واں اپی سوڈ رہے گا۔آکاش وانی اور دوردرشن کے تمام نٹ ورکس کے علاوہ اے آئی آر نیوز ویب سائٹ اور مرکزی اطلاعات و نشریات کے یوٹیوب چینل پر نشر ہوگا۔علاقائی زبانوں میں یہ پروگرام دوبارہ نشر ہوگا۔تمام آکاش وانی حیدرآباد کیندر پر اسی روز رات 8 بجے من کی بات پروگرام تلگو میں دوبارہ نشر ہوگا۔

Lead Assembly

ریاستی اسمبلی کا مانسون اجلاس کل سے شروع ہوگا۔تلنگانہ کے گورنر جشنو دیو ورما نے دونوں اسمبلی و کونسل کو صبح ساڑھے دس بجے طلب کیا ہے۔ دونوں ایوانوں کے مدد کا تعین بعد میں کیا جائے گا۔ کالیشورم پر جوڈیشنل کمیشن رپورٹ اور بی سی ریز رویشن بل پر بحث کا امکان ہے۔کالیشورم پراجکٹ پر پی سی گھوش کمیشن کی رپورٹ پر وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی بحث کی قیادت کریں گے۔